چانسلر کا ضابطہ

Department of Education

زمرہ	طلباء	جاری کردہ: 6 اکتوبر، 2010	نمبر	A 190
موضوع	ایک سے زائد اسکول رکھنے والی اسکولوں کی عمارات کے انتظام و انصرام کے لئے اسکول کو مصرف میں لانے اور طریقہ ہائے کار میں اہم تبدیلیاں		صفحہ	1 کا 2

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطہ A 190 مورخہ 13 نومبر 2009 کی جگہ لیتا ہے۔

تبدیلیاں:

- ہائی اسکولوں میں اسکول کو مصرف مین لانے کے لئے مجوزہ اہم تبدیلیوں کے مقاصد سے "متاثرہ برادری اسکول ضلع" کی تعریف کی وضاحت کرتا ہے (صفحہ 1، I.A §)۔
- "متاثرہ طلباء" کی تعریف کی وضاحت کرتا ہے جنہیں کسی اثر یافتہ اسکول کی سبھی سائٹوں میں زیر تعلیم طالباء کے حوالے سے جانا جاتا ہے (صفحہ 1, §I.C)
- "متاثرہ برادری تعلیمی کونسل ("CEC")" کی تعریف کی وضاحت کرتا ہے (صفحہ 1، I.D §)۔
- "اثر یافتہ برادری اسکول بورڈز" کی تعریف کی وضاحت کرتا ہے (صفحہ 1، I.E §)۔
- یہ یقینی بناتا ہے کہ ضابطے میں استعمال شدہ "والدین" کی تعریف چانسلر کے ضابطہ A 166 میں دی گئی تعریف کے مطابق ہو (صفحہ 1، I.F §)۔
- ضلع 75 اسکولی تنظیموں میں ہونے والی تبدیلیوں کو شامل کرنے کے لئے اصطلاح "اسکول کو مصرف میں لانے میں اہم تبدیلی" پر نظرثانی کرتا ہے اور، یہ وضاحت کرتا ہے کہ کا اطلاق نہ ہی فی الوقت اسکولوں کے ذریعے استعمال کی جانے والی سہولتوں میں قابل اور ہنرمند پروگراموں جیسے پروگراموں یا دیگر پروگراموں کی تقرری یا ان کے لئے جگہ مہیا کرنے ، اور نہ کسی نئی تعمیر یا دیگر سہولتوں مین کھلنے والے نئے اسکولوں کے ساتھ ایسے مشترکہ وقوع میں تبدیلیوں پر کیا جائے جو فی الوقت محکمہ تعلیم کے مصرف مین نہ ہوں (صفحہ 1، I.G §)۔
- محکمہ تعلیم کو ترمیم شدہ چارٹر اسکول ایکٹ کی تعمیل کے قابل بنانے کی خاطر اصطلاح "مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانا" کی ایک تعریف کا اضافہ کرتا ہے (صفحہ 1، I.H §)۔
- تعلیمی معاہدوں کے بیانات ("EIS") اور عمارات کے استعمال کے منصوبہ جات کی تخلیق مین استعمال کے لئے نمونے کے رہنما کتابچوں کو پیش کرتے ہوئے نئے ضمیموں کا اضافہ کرتا ہے (صفحہ 2، II.A.1 § اور ملحق نمبر1؛ صفحہ 2-3 §II.A.2(a)(ii) ملحق نمبر2)۔
- ایک یا زائد چارٹر اسکولوں اور ایک یا زائد غیر چارٹر اسکولوں کے مشترکہ وقوع پر مشتمل EISs میں شامل کی جانے والی معلومات کی تصریح کرنے والے ایک نئے حصے کا اضافہ کرتا ہے (صفحہ 2-3، II.A.2 §)۔
- EISs کی نقول کو ارسال کرنے اور متاثرہ یا اثر یافتہ اسکولوں، والدین، CECs، اسکول قیادتی ٹیموں، اور دیگر مناسب انجمنوں کو ارسال کرنے کے لئے نئے طریقہ ہائے کار کا تعین کرتا ہے (صفحہ 3-4، II.A.3 §)۔
- اسکول کو مصرف مین لانے کے لئے مجوزہ اہم تبدیلیوں سے متعلق نظام الاوقات بنانے، ایجنڈے کا تعین کرنے اور مشترکہ عام سماعتوں کا نوٹس فراہم کرنے کے لئے طریق ہائے عمل کا تعین کرتا ہے (صفحہ 4-5، II.B.3 §)۔
- یہ وضاحت کرتا ہے کہ کسی EIS پر چانسلر کے ٹھوس انداز میں نظرثانی کرلینے کے بعد ایک مزید مشترکہ عام سماعت درکار ہے (صفحہ 5, §II.B.5)
- ان اوقات کا تعین کرتا ہے جن پر تعلیمی پالیسی کے پینل کی منظور کردہ اسکول کو مصرف مین لانے مین اہم تبدیلیاں مؤثر ہو سکیں (صفحہ 6، II.C.5 §)۔
- پبلک اسکولوں کی ان تمام عمارات، جن میں دو یا زائد اسکول مشترکہ طور پر واقع ہوں، میں تعمیری کونسلیں قائم کرتا ہے اور ان تعمیری کونسلوں کے اجتماعات کے لئے کم از کم نظام الاوقات اور طریقہ ہائے کار کا تعین کرتا ہے۔ (صفحہ 6-7، III.A §)۔

چانسلر کا ضابطہ

Department of Education

زمرہ	**طلباء**	جاری کردہ: 6 اکتوبر، 2010	نمبر	**A 190**
موضوع	ایک سے زائد اسکول رکھنے والی اسکولوں کی عمارات کے انتظام و انصرام کے لئے اسکول کو مصرف میں لانے اور طریقہ ہائے کار میں اہم تبدیلیاں		صفحہ	2 کا 2

- پبلک اسکولوں کی ان تمام عمارات، جن میں ایک یا زائد چارٹر اسکول ایک یا زائد غیر چارٹر اسکولوں کے ساتھ مشترکہ طور پر واقع ہو / ہوں، میں مشترکہ جگہ کی کمیٹیاں قائم کرتا ہے، اور توضیح کرتا ہے کہ اس کمیٹی مین محکمہ تعلیم کے والدین اور اساتذہ کے نمائندگان اس اسکول کی قیادتی ٹیم کے مشابہ رائے دہندہ رکن کے ذریعے منتخب کئے جائیں گے (صفحہ 7، § III.B.1)-

- توضیح کرتا ہے، جیسا کہ ترمیم شدہ چارٹرڈ اسکول ایکٹ سے مطلوب ہے، کہ ایک پبلک اسکول کی عمارت میں ایک چارٹر اسکول کو مشترکہ طور پر رکھنے کے لئے چانسلر یا اس کے مامور شدہ شخص کو دی جانے والی رقوم کے ذریعے سے قطع نظر، کسی مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے لئے پانچ ہزار ڈالر سے زائد اخراجات کے لئے پہلے تحریری اجازت دینی ہوگی، اور اس طریق عمل کی تخلیق کرتا ہے جس کے ذریعے مشترکہ طور پر واقع اسکول ایسی اجازت طلب کرتے ہیں (صفحہ 7-8، § III.B.2)-

- مزید توضیح کرتا ہے کہ چارٹر اسکول میں ایسی مرکزی اصلاح یا سہولت کے درجہ میں اضافے کے خرچے کے برابر چانسلر کی اجازت کردہ رقم سے پبلک اسکول کی عمارت کے اندر مشترکہ طور پر واقع غیر چارٹر اسکول کے لئے ملتی ہوئی مرکزی اصلاح یا سہولت کے درجے میں اضافہ کیا جائے گا جو ایسی اصلاحات یا درجہ بڑھانے کے تین ماہ کے اندر کیا جائے گا(صفحہ 7، § III.B.2)-

- اس پورے ضابطہ میں اصطلاح "D75 پروگرام" تا "D75 اسکولی تنظیم" پر نظرثانی کرتا ہے-

- وضاحت کرتا ہے کہ کن افراد کو یا تنظیموں کے نمائندوں کو تجاویز کی اطلاع اور / یا مشترکہ عام سماعت میں شریک ہونے کے دعوت نامے موصول ہوں گے-

- اس ضابطے سے متعلقہ استفسارات وصول کرنے کے لئے مامور شدہ رابطہ دفتر کے نام کی تجدید کرتا ہے-

تلخیص

2009 میں، نیویارک کے تعلیمی قانون مین ترمیم کی گئی تھی جس کے مطابق کسی اسکول کو بند کرنے یا اسکول کو مصرف میں لانے میں کوئی اہم تبدیلی کرنے کی غرض سے چانسلر کی تمام تجاویز کے لئے ایک عوامی جائزے اور آرا کا عمل مطلوب ہے- قانون مین یہ ترمیم بھی کی گئی تھی کہ نیو یارک شہر تعلیمی بورڈ (جسے بعد ازیں پینل برائے تعلیمی پالیسی (PEP) کہا جائے گا)، کو کسی اسکول کے بند کرنے یا اسکول کو مصرف میں لانے میں کوئی اہم تبدیلی کرنے کے لئے چانسلر کی تمام تجاویز کو منظور کرنے کا اختیار دیا جائے- 2010 میں، نیویارک ریاست کے 1998 چارٹر اسکول ایکٹ میں بھی ترمیم کی گئی تھی جس کے مطابق کسی پبلک اسکول کی موجودہ عمارت میں ایک یا زائد چارٹر اسکولوں کے واقع ہونے یا مشترکہ طور پر واقع ہونے سے متعلق اضافی طریقہ ہائے کار مطلوب ہیں- ("ترمیم شدہ چارٹر اسکول ایکٹ")- نظر ثانی شدہ ضابطہ قانون میں ان ترامیم مین سے ہر ایک کو نافذ کرتا ہے-

I. تعریفیں

A. ابتدائی، انٹرمیڈیٹ اور مڈل اسکول گریڈوں سے متعلق تجاویز کے لئے، "متاثرہ برادری اسکول ضلع" سے مراد وہ برادری اسکول ضلع ہوگا جس مین تجویز کے زیر موضوع اسکول واقع ہو- ہائی اسکول گریڈوں سے متعلق تجاویز کے لئے، اس اصطلاح سے مراد وہ برادری اسکول صلع ہوگا جس کی جغرافیائی حدود کے اندر تجویز کے زیر موضوع اسکول واقع ہو-

B. اصطلاحات "متاثرہ سکول" اور "اثر یافتہ اسکول" سے صرف وہ انفرادی ہدایاتی تنظیم، جس کے بارے میں تجویز میں براہ راست کارروائی کی نشان دہی کی گئی ہو اور وہ اسکول جو مجوزہ کارروائی کے نتیجے میں ایک نئے مشترکہ وقوع سے مشروط ہو، مراد ہے- کسی اسکول کے گریڈوں کی ہئیت کو وسیع کرنے کی تجویز کی صورت میں، اس اصطلاح سے مراد وہ اسکول بھی ہوں گے جو وسیع کئے جانے والے اسکول کے ساتھ مشترکہ طور پر واقع ہوں-

C. اصطلاحات "متاثرہ طلباء" اور "متاثرہ والدین" سے وہ طلباء اور ان طلباء کے والدین مراد ہیں، جو کسی اثر یافتہ اسکول کی سائٹ میں اسکول کو بند کرنے یا اسکول کو مصرف میں لانے کے لئے اہم تبدیلی کرنے کی کوئی تجویز دئیے جانے کے وقت مندرج ہوں-

D. اصطلاح "اثر یافتہ برادری تعلیمی کونسل" یا "اثر یافتہ CEC یا کونسل" سے متاثرہ برداری اسکول ضلع کی نمائندگی کرنے والی برادری تعلیمی کونسل (CEC) مراد ہوگی-

E. "اثر یافتہ برادری بورڈوں" میں ابتدائی، انٹرمیڈیٹ اور مڈل اسکولوں سے متعلقہ تجاویز کے لئے، وہ برادری بورڈ شامل ہوں گے جن کی سرحدیں اس برادری اسکول صلع کی حدود کے اندر آتی ہوں جس میں متاثرہ اسکول واقع ہو- ہائی اسکول سے متعلقہ تجاویز کے لئے، اس اصطلاح مین وہ برادری بورڈ شامل ہوں گے جو اس برادری اسکول ضلع کے اندر واقع ہوں، جس کی جغرافیائی حدود میں متاثرہ اسکول واقع ہو-

F. چانسلر کے ضابطہ A 660 میں دی گئی تعریفوں سے ہم آہنگ، ایک "والدین" سے مراد طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا نگرانی کا تعلق رکھنے والا کوئی شخص مراد ہے- والدین کی تعریف میں شامل ہیں: پیدائشی یا تبنیتی والدین، سوتیلے والدین، قانونی طور پر مقرر شدہ سرپرست، قائم مقام والدین اور اسکول مین فی الوقت داخل طالب علم سے "والدینی تعلق رکھنے والا کوئی شخص"-

G. "اسکول کو مصرف میں لانے میں ایک اہم تبدیلی" کا مطلب اسکول کو فی الوقت مصرف میں لانے والی سہولیات کو بتدریج واپس لینا، گریڈوں کی ہئیت تبدیل کرنا، کسی دوسرے مقام پر لے جانا، یا اسکولوں یا ضلع 75 اسکولی تنظیموں کا مشترکہ طور پر واقع ہونا ہوگا- "اسکول کو مصرف میں لانے میں ایک اہم تبدیلی" میں اسکولوں یا دیگر پروگراموں کے ذریعے فی الوقت مصرف میں لائی گئی سہولتوں میں اسکول پر مبنی پروگراموں میں تبدیلیاں، زوننگ لائینز میں تبدیلیاں، یا قابل اور ہنر مند پروگراموں جیسے پروگراموں کی تقرری / انہیں جگہ دینا شامل نہیں ہوگا، نہ ہی اس اصطلاح میں کسی ایسی نئی تعمیر یا دیگر سہولتوں میں کھلنے والے نئے اسکولوں کا مشترکہ طور پر واقع ہونا شامل ہوگا جو فی الوقت محکمۂ تعلیم کے مصرف میں نہ ہوں-

H. ایک "مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے" کا مطلب ایک موجود عمارت میں کوئی اضافی یا تبدیلی ہوگی، جو مستقل ہو اور جس کا مقصد عمارت کی قیمت، خوبصورتی یا مصرف میں اضافہ کرنا یا عمارت کو ایک نئے مقصد کے لئے ڈھالنا ہو- ایسا اضافہ یا تبدیلی موجودہ عمارت کا ایک حصہ بن جاتا ہے یا اس کا مقصد موجودہ عمارت میں مستقل طور پر اس طرح جوڑنا ہو کہ اس کو ہٹانے سے اس عمارت یا خود اس چیز کو مادی نقصان پہنچتا ہو- مندرجہ بالا کے علاوہ، سہولت کا

درجہ بڑھانے میں شامل اضافوں یا تبدیلیوں کی ایک غیر جامع فہرست حسبِ ذیل ہے: رنگ روغن کرنا؛ فرش کے غلاف (غلافوں) کو بدلنا؛ برقی یا کمپیوٹر نیٹ ورک کی تاروں کی تنصیب؛ اور ونڈو یونٹ ائر کنڈیشنروں کا اضافہ- یہ طے کرنے کا حتمی اختیار چانسلر کے پاس ہے، آیا ایک مجوزہ منصوبہ سہولت کا درجہ بڑھانے کی اہلیت رکھتا ہے کہ نہیں-

II. اسکولوں کو بند کرنے اور اسکول کے مصرف میں تبدیلیوں کے لئے چانسلر کی تجاویز کے عوامی جائزہ اور آراء کا طریق کار

A. تعلیمی معاہدے کا بیان

1. جب چانسلر کسی اسکول کو بند کرنے یا اسکول کے مصرف میں کوئی اہم تبدیلیی (یعنی بتدریج ختم کرنے، گریڈوں کی ہئیت کی دوبارہ تشکیل کرنے، اسکولوں کو دوسری جگہ پر لے جانے، یا انہیں مشترکہ طور پر رکھنے) کی تجویز دیتا / دیتی ہے، تو وہ ایک تعلیمی معاہدے کا بیان ("EIS") [1] تیار کرے گا / گی- ایسے EIS میں، جہاں پر قابل اطلاق ہو، مندرجہ ذیل شامل ہوں گے:

a. طالب علم کا متاثرہ اسکول میں موجودہ اور آئندہ اندراج؛

b. اسکول کی ایسی عمارت کے لئے امکانی ضرورت؛

c. اسکول کے اس طرح بند ہونے یا اس کے مصرف میں اہم تبدیلی کے نتیجے میں برادری پر پڑنے والا اثر؛

d. اسکول کے بند ہونے یا اس کے مصرف میں اہم تبدیلی کے نتیجے میں ہونے والے ابتدائی اخراجات یا بچتیں؛

e. کسی بند کئے گئے اسکول کی امکانی تصرف پذیری؛

f. تجویز سے متاثرہ طلباء پر پڑنے والا اثر؛

g. دیگر تعلیمی پروگراموں یا انتظامی خدمات کے لئے اسکول کی عمارت کے کسی مجوزہ یا امکانی استعمال کا خاکہ؛

h. اسکول کی بندش یا مصرف میں تبدیلی کا ذاتی ضروریات، ہدایات کے اخراجات، انتظامیہ، نقل و حمل اور دیگر امدادی خدمات پر اثر؛

i. اسکول کی عمارت کی قسم، عمر، اور طبعی حالت، دیکھ بھال، اور توانائی کے اخراجات، ایسی عمارت میں حالیہ یا زیر منصوبہ اصلاحات، اور ایسی عمارت کے خصوصی خدو خال؛

j. اسکول کی بندش یا مصرف میں تبدیلی کے بعد طلباء کو رکھنے کے ضمن میں متاثرہ اسکول ضلع میں موجود دوسرے اسکولوں کی صلاحیت؛ اور

k. اسکول کی تعلیمی کارکردگی سے متعلق معلومات، بشمول یہ کہ آیا ایسے اسکول کی مستقل طور پر کمترین کامیابی حاصل کرنے والے اسکول ، اندراج کے لئے نظر ثانی اور/ یا امتیازی احتساب کی حیثیت (اصلاح، اصلاحی کارروائی، یا تشکیل نو کی ضرورت رکھنے والا) کے لئے زیر غور اسکول، کے طور پر نشان دہی کی گئی ہے کہ نہیں-

2. ایک موجودہ پبلک اسکول کی عمارت میں ایک چارٹر اسکول کے واقع ہونے اور / یا مشترکہ طور پر واقع ہونے سے متعلق EISs-

a. ایک موجودہ اسکول کی عمارت میں ایک چارٹر اسکول کے واقع ہونے یا مشترکہ طور پر واقع ہونے سے متعلق کسی تجویز کے لئے ایک EIS مین مندرجہ ذیل اشیاء بھی لازماً شامل ہونی چائیں:

i. یہ اساسی دلیل کہ چارٹر اسکول کے واقع ہونے یا مشترکہ طور پر واقع ہونے کے لئے ایسے پبلک اسکول کی نشان دہی کیوں کی گئی ہے؛ اور

ii. عمارت کے استعمال کا ایک منصوبہ، جس میں مندرجہ ذیل معلومات شامل ہوں گی، لیکن ضروری نہین کہ ان تک محدود ہوں (عمارت کے استعمال کے لئے ایک مجوزہ گائیڈ اس ضابطے کے ساتھ

[1] ایسی EIS کے لئے تجویز کردہ گائیڈیں اس ضابطے کے ملحق نمبر 1 میں ایک ضمیمے کے طور پر دی گئی ہیں- چونکہ ہر تجویز منفرد ہوتی ہے، EISs میں دی گئی کسی تجویز کے متعلق مخصوص حالات کی روشنی میں، جیسے مناسب ہوا، معلومات شامل ہوں گی-

ملحق نمبر 2 کے طور پر منسلک کی گئی ہے):

(a) چارٹر اور غیر چارٹر اسکول (اسکولوں) کے درمیان کلاس روموں اور انتظامیہ کی جگہ کی اصل تقسیم اور اشتراک- یہ تقسیم محکمۂ تعلیم کے بدایاتی نقش قدم ("نقش قدم") کے مطابق عمارت میں ہر اسکول کو تفویض کئے جانے والے کمروں کی تعداد اور قسم کی تصریح کرے گی- منصوبہ نقش قدم کے مطابق مختص نہ کئے جانے والے کمروں کی تعداد اور قسم کی تصریح بھی کرے گا- نقش قدم کے مطابق مختص نہ کی جانے والی کوئی جگہ نقش قدم مین مشترکہ طور پر واقع اسکولوں مین منصفانہ طور پر تقسیم کر دی جائے گی- ایک منصفانہ تقسیم کا تعین کرنے کے لئے، محکمۂ تعلیم مشترکہ طور پر واقع اسکولوں کے اضافی اندراجات، مشترکہ طور پر واقع اسکولوں کی بدایاتی اور پروگرام کی ضرورتوں، عمارت کے اندر فالتو جگہ کے طبعی محل وقوع جیسے عناصر پر غور کرسکتا ہے؛

(b) چارٹر اسکول اور غیر چارٹر اسکولوں کے مابین مشترکہ وسائل اور جگہوں کے شراکتی استعمال کے لئے ایک تجویز، جس مین مندرجہ ذیل شامل ہوں، لیکن ان تک محدود نہ ہوں، کیفیٹیریاز، لائبریریاں، جمنازیم اور تفریحی جگہیں بشمول کھیلوں کے میدان، جو غیر چارٹر اسکول کے طلباء کے لئے چارٹر اسکول کے طلباء کی طرح یکساں انداز اور معقول اوقات میں ایسی سہولتوں تک منصفانہ باریابی کو یقینی بناتی ہو؛

(c) اس ذیلی پیرگراف کی شقوں (a) اور (b) میں دی جانے والی مجوزہ تقسیموں اور نظام الاوقات کے قابل عمل ہونے کا جواز اور ایسی مجوزہ تقسیموں اور مشترکہ استعمال کے نتیجے مین ایسے پبلک اسکول کی عمارت کا منصفانہ اور قابل موازنہ استعمال کس طرح کیا جائے گا؛

(d) عمارت کی حفاظت اور سلامتی؛

(e) مشترکہ طور پر واقع اسکولوں کے استعمال میں آنے والی رابطے کی تدابیر؛ اور

(f) مشترکہ طور پر واقع اسکولوں کی استعمال کردہ شراکتی فیصلہ سازی کی تدابیر، بشمول اس ضابطے کے حصہ III.B.1 کے مطابق مشترکہ جگہ کی ایک کمیٹی کا قیام-

iii. عمارت کے استعمال کے منصوبے پر نظر ثانی کے لئے نیو یارک تعلیمی قانون کے §2590-g کے سب ڈویژن سات کے مطابق مطلوبات سے ہم آہنگ PEP کی منظوری مطلوب ہوگی-

3. اس تعلیمی سال، جس میں کہ بندش یا مصرف مین تبدیلی کو مؤثر ہونا ہے، کے پہلے دن سے کم از کم چھ ماہ پہلے چانسلر EIS کو محکمۂ تعلیم کی سرکاری انٹر نیٹ ویب سائٹ پر شائع کرے گا اور ایک بارڈ کاپی (کاغذی نقل) کو اثر یافتہ اسکول (اسکولوں) کے مرکزی دفتر (دفاتر) میں دستیاب رکھے گا- چانسلر PEP، اثر یافتہ برادری تعلیمی کونسل (CEC)، برادری تعلیمی بورڈوں، برادری مہتمم، اثر یافتہ اسکول (اسکولوں) کی اسکول قیادتی ٹیم (ٹیموں) (SLT)، شہر پیما کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین ("CCELL") اور شہر پیما کونسل برائے خاص تعلیم ("CCSE") کو بھی EIS کی ایک بارڈ کاپی ارسال کرے گا- بائی اسکولوں سے متعلق تجاویز کے لئے، چانسلر بائی اسکولوں کی شہر پیما کونسل ("CCHS") کو بھی EIS کی ایک بارڈ کاپی ارسال کرے گا- اور ایک ضلع 75 ("D75") کی اسکولی تنظیم میں مندرج طلباء سے متعلق تجاویز کے لئے، چانسلر D75 کونسل کو بھی EIS کی ایک بارڈ کاپی ارسال کرے گا- بائی اسکولوں کی تجاویز کے لئے، چانسلر سبھی برادری بورڈوں اور جس برو میں وہ بائی اسکول واقع ہے وہاں کے CECs کو EIS کی ایک کاپی ای میل بھی کرے گا- مناسب ترسیل PEP کے چیئرپرسن، اثر یافتہ CEC(s) کے انتظامی (معاون معاونین) اثر یافتہ برادری بورڈ (بورڈوں)، اثر یافتہ برادری مہتمم (مہتممین)، اثر یافتہ اسکول (اسکولوں) کے پرنسپل (پرنسپلوں) کو ان کے SLT کے ایک رکن ہونے کی حیثیت سے، CCELL اور CCSE کے نمائندوں، اور، جیسے مناسب ہو، CCHS اورD75 کونسل کے صدور یا نمائندوں کو فراہم کردہ یا فرسٹ کلاس میل سے بذریعہ ڈاک ارسال کردہ EIS کی ایک بارڈ کاپی پر مشتمل ہوگی-

4. برادری اسکول ضلعے کا برادری مہتمم ایسی تجویز اور کسی مابعد نظر ثانی شدہ تجویز کا نوٹس تمام اثر یافتہ والدین کو براہ راست یا اثر یافتہ اسکول کی انتظامیہ کے ذریعے فراہم کرے گا- اس نوٹس میں EIS یا، اگر قابل اطلاق ہو تو، نظر ثانی شدہ EIS کی ایک نقل حاصل کرنے کی جگہ اور تجویز یا نظر ثانی شدہ تجویز کی مشترکہ عام سماعت کی تاریخ اور مقام کے بارے مین معلومات شامل ہوں گی- (حصہ II.B دیکھیں)- ایک بائی اسکول سے متعلق تجویز کی صورت میں، اثر یافتہ والدین کو ایسا نوٹس متاثرہ برادری اسکول ضلع کا برادری مہتمم اور تجویز کے زیر موضوع بائی اسکول کا بائی اسکول مہتمم مل کر فراہم کریں گے- ایک D75 اسکولی تنظیم میں مندرج متاثرہ طلباء سے متعلق تجویز کی صورت میں، اثر یافتہ والدین کو ایسا نوٹس D75 کا مہتمم فراہم کرے گا-

B. مشترکہ عام سماعت

1. ایک اسکول کو بند کرنے یا اس کے مصرف مین اہم تبدیلی کی تمام تجاویز کے لئے، چانسلر[2] اثر یافتہ CEC اور تجویز کے زیر موضوع اسکول کی SLT کے ساتھ ایک مشترکہ عام سماعت منعقد کرے گا- CCELL اور CCSE کو مشترکہ عوامی سماعت میں شرکت کے لئے مدعو کیا جائے گا- بائی اسکول سے متعلق تجاویز کی صورت میں، CCHS کو مشترکہ عام سماعت میں شرکت کے لئے مدعو کیا جائے گا- ایک D75 کی اسکولی تنظیم میں مندرج متاثرہ طلباء سے متعلق تجویز کی صورت میں، D75 کونسل کو بھی مشترکہ عام سماعت میں شرکت کے لئے مدعو کیا جائے گا-

2. مشترکہ عام سماعت کا نظام الاوقات بنانا

a. ایسی مشترکہ سماعت EIS کے ارسال کرنے کے تیس (30) دن کے بعد، لیکن پینتالیس دن (45) سے پہلے منعقد کی جائے گی-

b. EIS کو ارسال کرنے سے پہلے، چانسلر کا مامورکردہ کوئی شخص یا دفتر اثر یافتہ CEC کے صدر یا نمائندہ اور اثر یافتہ اسکول کے پرنسپل کوSLT کے ایک رکن کی حیثیت میں، اور CCELL اور CCSE کے صدور یا نمائندوں، اور بائی اسکولوں یا D75 اسکولی تنظیم میں اندراج یافتہ متاثرہ اسکولوں سے متعلق تجویز کی صورت میں، CCHS اور D75 کونسل، حسب اطلاق، کے نمائندے کے پاس مشترکہ عام سماعت کی امکانی تاریخیں اور اوقات تجویز کرے گا- ان میں سے ہر گروپ ان تاریخوں میں اپنی موجودگی کا عندیہ دے سکتا اور متبادل تاریخیں تجویز کر سکتا ہے- اگر EIS کو ارسال کرنے سے پہلے سماعت کی تاریخ سے متعلق اتفاق نہ ہو سکا تو چانسلر یا چانسلر کا قائم مقام ایک تاریخ منتخب کرے گا جس دن سماعت کا انعقاد قابل اطلاق دستوری تقاضوں سے ہم آہنگ انداز میں کیا جائے گا-

3. مشترکہ عام سماعت کا ایجنڈا

a. مشترکہ عام سماعت سے پہلے، چانسلر کا مامور کردہ کوئی شخص یا دفتر مشترکہ عام سماعت کے لئے اثر یافتہ CEC کے صدر یا نمائندہ، SLT کے ممبر کی حیثیت سے ان کی جگہ پر کام کرنے والے اثریافتہ اسکول (اسکول) کے پرنسپل (پرنسپلز)، اور CCELL اور CCSE کے صدور یا نمائندوں، CCHS اور D75 کونسل کے صدر یا نمائندہ کو، حسب اطلاق، ایک مجوزہ مشترکہ ایجنڈا ارسال کرے گا- CEC, SLT, CCELL, CCSE اور CCHS اور / یا D75 کونسل کو، حسب اطلاق، مجوزہ مشترکہ ایجنڈا سے متعلق رائے دینے اور ایسے ایجنڈے میں تبدیلیاں تجویز کرنے کا موقع دیا جائے گا-

b. ایسے ایجنڈے میں چانسلر، چانسلر کے قائم مقام، اور / یا اسکول کی بندش کی تجویز کی صورت مین ڈپٹی چانسلر کی تجویز کا ایک مختصر اظہاریہ شامل ہوگا- درخواست کرنے پر، ایسے ایجنڈے میں اثر یافتہ CEC، اثر یافتہ اسکول (اسکولوں) کی SLT اور CCELL, CCSE, CCHS اور/ یا D75 کونسل، جیسے قابل اطلاق ہوا، کی طرف سے ایک مختصر اظہاریہ شامل ہوگا- اگر ایجنڈا کے مشمولات سے متعلق کوئی اتفاق نہ ہو سکا تو اثر یافتہ CEC، اثر یافتہ اسکول (اسکولوں) کی SLT اور CCELL, CCSE, CCHS اور / یا D75 کونسل، جیسے قابل اطلاق ہوا، چانسلر، چانسلر کے قائم مقام، اور/ یا اسکول کی بندش کی تجویز کی صورت مین ڈپٹی چانسلر کی تجویز سے متعلق مختصر اظہاریے کے بعد اور حسب ذیل دی گئی وقت کی پابندیوں کے اندر رہ کر، جیسے وہ مناسب خیال کریں، اپنا مختص شدہ وقت استعمال کر سکتے ہیں-

چانسلر، چانسلر کے قائم مقام، یا ڈپٹی چانسلر، CEC، SLT یا CCELL, CCSE, CCHS یا D75 کونسل، جیسے قابل اطلاق ہوا، کا اظہاریہ ایک معقول وقت کے لئے محدود ہوگا اور عوام کو رائے دینے کے لئے دئے گئے موقع سے متصادم نہیں ہوگا-

[2] اسکولوں کی مجوزہ بندشوں کے لئے، عام سماعت چانسلر یا نائب چانسلر اور زیر معاہدہ CEC اور SLT کے ذریعے منعقد کی جائے گی- اسکول کے مصرف میں مجوزہ اہم تبدیلی کی صورت میں، سماعت چانسلر یا اس کے قائم مقام اور زیر معاہدہ CEC اور SLT کے ذریعے منعقد کی جائے گی -

4. چانسلر مشترکہ عام سماعت کا نوٹس محکمہ تعلیم کی سرکاری انٹر نیٹ ویب سائٹ پر پوسٹ کرے گا اور تمام متاثرہ والدین اور طلباء کو نوٹس مہیا کرے گا- اس کے علاوہ، برادری بورڈوں اور متاثرہ برادری ضلع کی نمائندگی کرنے والے منتخب ریاستی اور مقامی اہل کاروں کو اطلاع کرے گا- دلچسپی رکھنے والے تمام فریقوں کو تجویز کے بارے میں رائے دینے کا ایک موقع دیا جائے گا-

5. عوامی آراء موصول ہو جانے کے بعد، چانسلر اسکول کی مجوزہ بندش یا مصرف میں تبدیلی پر معقول حد تک نظر ثانی کرنے کے اختیار کو استعمال کر سکتا ہے، بشرطیکہ نظر ثانی شدہ تجویز ابتدائی EIS میں نشان دہی کردہ اسکولوں کے علاوہ کسی دوسرے اسکول پر اثر انداز نہ ہو- اگر چانسلر تجویز میں خاطر خواہ نظر ثانی کا فیصلہ کرے گا تو وہ اس ضابطے کے حصہ II.A.1 مین دی گئی شکل کے مطابق ایک نظر ثانی شدہ EIS تیار کرے گا / گی- نظر ثانی شدہ محکمۂ تعلیم کی سرکاری انٹرنیٹ ویب سائیٹ پر شائع کی جائے گی اور ایک نقل اثر یافتہ CEC، اثر یافتہ برادری بورڈوں، برادری مہتمم، اثر یافتہ اسکول کی SLT، اور CCHS اور / یا CCSE اور D75 کونسل، جیسے قابل اطلاق ہوا، کو حصہ II.A.3 میں دئے ہوئے طریقے سے ارسال کی جائے گی- اس طرح کا نظرثانی شدہ EIS ارسال کرنے کے بعد زیادہ سے زیادہ پندرہ دنوں میں، چانسلر یا نائب چانسلر، یا اسکول کو مصرف میں لانے میں اہم تبدیلی ہونے کی صورت میں چانسلر یا ان کا / کی قائم مقام نیو یارک تعلیمی قوانین کے §2590-h(2-a)(d-1) کے بموجب ایک مشترکہ عوامی سماعت منعقد کریں گے-

C. PEP کی منظوری

1. چانسلر اسکولوں کی بندش یا اسکول کے مصرف میں تبدیلی سے متعلق تمام تجاویز کو PEP کے پامن منظوری کے لئے جمع کروائے گا-

2. نیویارک کے تعلیمی قانون کے حصہ §2590-g(8)(a) کے مطابق، اس سے پہلے کہ PEP کسی اسکول کی بندش یا اسکول کے مصرف میں تبدیلی کو منظور کرے، عوام کو تجویز سے متعلق اپنی آراء دینے کا موقع دیا جائے گا- ایسی تجویز پر PEP کے ووٹ سے کم از کم پینتالیس (45) دن پہلے، PEP تجویز کے نوٹس کو محکمۂ تعلیم کی سرکاری ویب سائٹ پر شائع کرے گا اور نوٹس کو خاص طور پر تمام برادری مہتممین، CECs، برادری بورڈوں، اور SLTs کو ارسال کرے گا- اس نوٹس میں مندرجہ ذیل شامل ہوں گے:

a. تجویز کے موضوع، مقصد اور مواد سے متعلق تفصیل؛

b. اس بارے میں معلومات کہ EIS کا مکمل متن کہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے؛

c. زیر غور شق کے متعلق علم رکھنے والے سٹی ڈسٹرکٹ نمائندے کا نام، دفتر، پتہ، ای میل پتہ، اورر ٹیلیفون نمبر، جس سے ایسی تجویز سے متعلقہ معلومات حاصل کی جا سکتی ہوں؛

d. تجویز سے متعلق سماعت کی تاریخ، وقت اور مقام؛

e. PEP کے اجتماع کی تاریخ، وقت اور مقام جس میں PEP تجویز پر ووٹ دے گی؛ اور

f. تجویز سے متعلق زبانی یا تحریری آراء جمع کروانے کے بارے میں معلومات-

3. اگر PEP کی جانب سے تجویز کے نوٹس کے بعد کسی وقت چانسلر کی تجویز مین ایک اسکول کی بندش یا مصرف میں تبدیلی کے لئے معقول حد تک نظر ثانی کی جائے، تو PEP تجویز سے متعلق کے کسی ووٹ سے کم از کم پندرہ روز (15) پہلے PEP ایک نظر ثانی شدہ عوامی نوٹس جاری کرے گی- ایک نظر ثانی شدہ عوامی نوٹس میں مندرجہ ذیل شامل ہوں گے:

a. نظر ثانی شدہ تجویز کے موضوع، مقصد اور مواد سے متعلق تفصیل؛

b. تجویز سے متعلق تمام معقول نظر ثانیوں کی نشان دہی؛

c. ابتدائی عوامی نوٹس کے بعد موصول شدہ تجویز سے متعلق تمام عوامی آراء کا ایک خلاصہ؛

d. اس بارے میں معلومات کہ نظر ثانی شدہ EIS کا مکمل متن کہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے؛

e. زیر غور شق کے متعلق علم رکھنے والے سٹی ڈسٹرکٹ نمائندے کا نام، دفتر، پتہ، ای میل پتہ، اورر ٹیلیفون نمبر، جس سے ایسی تجویز سے متعلقہ معلومات حاصل کی جا سکتی ہوں؛

f. نظر ثانی شدہ تجویز سے متعلق سماعت کی تاریخ، وقت اور مقام؛

g. PEP کے اجتماع کی تاریخ، وقت اور مقام جس میں PEP تجویز پر ووٹ دے گی؛ اور

h. نظر ثانی شدہ تجویز سے متعلق زبانی یا تحریری آراء جمع کروانے کے بارے میں معلومات۔

4. عوامی رائے کے وقفے کے اختتام کے بعد اور تجویز سے متعلق PEP کے ووٹ دینے سے پہلے، PEP تجویز سے متعلق ان تمام عوامی آراء، جو PEP کے اس اجتماع، جس مین تجویز سے متعلق ووٹ دئیے جانے والے ہوں، سے چوبیس (24) گھنٹے سے پہلے موصول ہوئی ہوں، کے بارے مین ایک تشخیص کو محکمۂ تعلیم کی سرکاری انٹر نیٹ ویب سائٹ پر شائع کرے گا۔ ایسی تشخیص مین مندرجہ ذیل شامل ہوں گے:

a. اٹھائے گئے مسائل اور مجوزہ اہم متبادلات کا ایک خلاصہ اور تجزیہ؛

b. ان وجوہ کے بارے مین ایک بیان، کہ اہم متبادلات کو تجویز میں کیوں شامل نہیں کیا گیا؛

c. موصول شدہ عوامی آراء کے نتیجے میں تجویز مین کی جانے والی تبدیلیوں کا بیان؛

d. اس بارے میں معلومات کہ EIS اور نظر ثانی شدہ EIS کا مکمل متن کہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے؛

5. نیویارک کے تعلیمی قانون کے حصہ 2590-h کے سب ڈویزن (2-a) کے پیرگراف (e) کے مطابق PEP کی منظور کردہ تجاویز اس وقت تک مؤثر نہیں ہوں گی جب تک کہ ضابطے کی قابل اطلاق شرائط کو پورا نہ کر دیا گیا ہو اور وہ تعلیمی سال، جس مین PEP نے منظوری دی ہو، ختم نہ ہو چکا ہو۔

III. ایک سے زیادہ اسکول یا پروگرام رکھنے والی پبلک اسکول کی عمارات کے انتظام و انصرام کا طریق کار

A. تعمیری کونسلیں

1. پبلک اسکول کی ہر اس عمارت میں ایک تعمیری کونسل قائم کی جائے گی جس میں دو یا زیادہ اسکول مشترکہ طور پر قائم ہوں یا جس میں D75 اسکولی تنظیم کے ساتھ ایک یا زادہ اسکول مشترکہ طور پر واقع ہوں۔ تعمیری کونسل مشترکہ طور پر واقع ہر غیر چارٹرڈ اسکول کے پرنسپل یا D75 اسکولی تنظیم (یا D75 اسکولی تنظیم کے نائب پرنسپل)، اور ہر مشترکہ طور پر واقع چارٹر اسکول کے مامور کردہ ایک نمائندے پر مشتمل ہوگی۔ وہ عمارت میں موجود تمام اسکولوں اور پروگراموں کے روز مرہ بموار عمل دخل اور ان طلباء، جن کی وہ خدمت کرتے ہیں، کی حفاظت سے متعلقہ مسائل پر تبادلۂ خیال کرنے اور انہین حل کرنے کے لئے مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ اجتماع بلائیں گے۔

اگر تعمیری کونسل کسی مسئلے کا ایک حل تلاش نہ کر سکے، تو اس صورت میں http://schools.nyc.gov/community/campusgov پر دستیاب کیمپس پالیسی میمو اور طریقہ ہائے کار میں دئیے گئے تنازعات کے حل کے طریقہ ہائے کار قابل اطلاق ہوں گے۔

2. تعمیری کونسل http://schools.nyc.gov/community/campusgov پر دستیاب کیمپس پالیسی میمو اور طریقہ ہائے کار میں دئیے گئے طریقے کے مطابق اپنے اجتماعات اور روئداد، نیز اسکول کی عمارت سے متعلقہ دیگر ریکاڈز تیار کرکے ان کی دیکھ بھال کرے گی۔

B. چارٹر اسکول جو ایک یا زائد غیر چارٹر اسکولوں اور بعض D75 اسکولی تنظیموں کے ساتھ مشترکہ طور پر واقع ہوں-

1. مشترکہ جگہوں کی کمیٹیاں

a. ہر اس پبلک اسکول کی عمارت میں مشترکہ جگہ کی ایک کمیٹی قائم کی جائے گی جس میں ایک یا زیادہ چارٹر اسکول ایک یا زیادہ غیر چارٹر پبلک اسکولوں یا D75 اسکولی تنظیم کے ساتھ مشترکہ طور پر واقع ہوں- مشترکہ جگہ کی کمیٹی ہر مشترکہ اسکول یا D75 اسکولی تنظیم سے ایک پرنسپل (یا D75 اسکولی تنظیم کے معاون پرنسپل)، ایک استاد، اور ایک والدین پر مشتمل ہوگی- ایک غیر چارٹر اسکول کے استاد اور والدینی ارکان کے لحاظ سے ایسی مشترکہ جگہ کی کمیٹی کے ارکان کو اس اسکول کی SLT کا مماثل رکن منتخب کرے گا-

b. ایسی کمیٹی سال میں کم از کم چار مرتبہ اجتماع بلائے گی- ان چارٹر اسکولوں کے لحاظ سے، جن کا پبلک اسکول کی عمارت میں واقع ہونا یا مشترکہ طور پر واقع ہونا PEP نے ترمیم شدہ چارٹر اسکول ایکٹ کے مؤثر ہونے کی تاریخ (یعنی 28 مئی 2010) کے بعد منظور کیا تھا، مشترکہ جگہ کی کمیٹی چانسلر کے تیار کردہ اور PEP کے منظور کردہ عمارت کے استعمال کے منصوبے کے نفاذ پر نظر ثانی کرے گی- ان چارٹر اسکولوں کے لحاظ سے، جن کا پبلک اسکول کی عمارت میں واقع ہونا یا مشترکہ طور پر واقع ہونا PEP نے ترمیم شدہ چارٹر اسکول ایکٹ کے مؤثر ہونے کی تاریخ سے پہلے منظور کیا تھا، مشترکہ جگہ کی کمیٹی ان عمارات میں موجودہ زیر عمل عمارت کی جگہ کے منصوبے کے نفاذ پر نظرِ ثانی کرے کی-

2. مرکزی اصلاحات اور سہولتوں کا درجہ بڑھانا

a. ایک پبلک اسکول کی عمارت کے اندر ایک چارٹر اسکول کو مشترکہ طور پر رکھنے کے لئے دی جانے والی رقوم کے ذریعے سے قطع نظر، کسی مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے لئے پانچ ہزار ڈالر سے زائد اخراجات کے لئے چانسلر یا اس کے مامور شدہ شخص کو پہلے تحریری اجازت دینی ہوگی- چانسلر یا اس کا مامور شدہ شخص درخواست کرنے والے ادارے کے لئے رقم کی وصولی کی ایسی اجازت کو تعلیمی قانون کے حصہ 2853 کے سب ڈویژن 3 کے پیراگراف کے تقاضے کو پورا کرنے کی خاطر پبلک اسکول عمارت کے اندر ہر غیر چارٹر اسکول کی مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے خرچے کے لئے لازماً کی جانے والی ضروری رقم کی حد تک مشروط کر سکتا ہے- مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے اخراجات کا حساب لگاتے وقت مزدوری اور سامان کی قیمت دونوں کو شامل کیا جائے گا- مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے اخراجات کا حساب لگاتے وقت کسی واحد منصوبے کے جزو کے طور پر کئے گئے مجموعی کام اور خریدے گئے سامان کو زیرِ غور رکھا جائے گا- چانسلر کے ذریعے منظور کردہ ایسی اصلاحات یا درجے کو بڑھانے کے لئے، پبلک اسکول کی عمارت میں موجود ہر غیر چارٹر اسکول کے لئے چارٹر اسکول کے اخراجات کے برابر رقم سے مرکزی اصلاح کی جائے گی یا سہولت کا درجہ بڑھایا جائے گا- چانسلر کی اجازت کردہ پانچ ہزار ڈالرز سے زائد رقم سے، رقوم کے ذریعے سے قطع نظر، پبلک اسکول کی عمارت کے اندر پہلے سے مشترکہ طور پر واقع چارٹر اسکول کی مرکزی اصلاح یا سہولت کے درجہ میں اضافے کے خرچے کے برابر رقم سے پبلک اسکول کی عمارت کے اندر مشترکہ طور پر واقع ہر غیر چارٹر اسکول کے لئے ملتی ہوئی مرکزی اصلاح یا سہولت کے درجے میں اضافہ کیا جائے گا جو ایسی اصلاحات یا درجہ بڑھانے کے تین ماہ کے اندر کیا جائے گا-

b. منظوری کا طریق عمل

i. سبھی مجوزہ مرکزی اصلاح اور سہولت کے درجہ میں اضافوں کو شعبۂ عملیات کے پاس جمع کروانے سے قبل عمارات کی تعمیری کونسل اور مشترکہ جگہ کی کمیٹی کے تحریری طور پر جمع کروانا چاہیے- تحریری تجاویز پروجیکٹ کے آغاز کی مجوزہ تاریخ سے کم از کم 15 روز قبل شعبۂ عملیات، یا دیگر مامور شدہ دفاتر میں لازماً جمع کروانا چاہئے- جمع کرواتے وقت ایک مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت میں اضافہ کے لئے ایک چارٹر اسکول کی رقوم کے حصول کو یقینی بنا لینا چاہئے-

ii. شعبۂ عملیات یا اس کا قائم مقام، مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کے لئے چارٹر اسکول کی درخواست کا جائزہ لے کر چانسلر اور اس کے قائم مقام کی منظوری کے لئے سفارشات کرے گا-

iii. چانسلر یا اس کا قائم مقام چارٹر اسکول کے چلانے والے کو مجوزہ مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کی منظوری دینے یا اس سے انکار کرنے سے متعلق فیصلے کے بارے مین اطلاع کرے گا-

iv. چارٹر اسکول کی مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کی اصل مجوزہ گنجائش میں تبدیلیوں کو کام کی گنجائش میں کسی تبدیلی کے نفاذ سے پیشتر چانسلر یا اس کے قائم مقام سے لازماً منظور کروانا ہوگا-

v. اگر کوئی چارٹر اسکول ایک ایسی مرکزی اصلاح یا سہولت کا درجہ بڑھانے کو شروع کردیتا ہے، جس کو چانسلر یا اس کے قائم مقام نے منظور نہ کیا ہو، تو وہ پبلک اسکول کی عمارت کے اندر موجود ہر غیر چارٹر اسکول کے لئے چارٹر اسکول کے اخراجات کے برابر رقم سے چارٹر اسکول کی مرکزی اصلاح اور درجے کو بڑھانے کے تین ماہ کے اندر اصلاحات یا درجے کو بڑھانے کا ذمہ دار ہوگا- چانسلر قانونی طور پر دستیاب کوئی دیگر تلافی کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے-

c. اپیلیں

i. PEP کے ذریعے کسی پبلک اسکول کے اندر ایک چارٹر اسکول کو رکھنے یا مشترکہ طور پر رکھنے اور اس کی معیت میں عمارت کے استعمال کے منصوبے کی تجویز کو منظور کئے جانے کے بعد اور/ یا عمارت کے استعمال کے منصوبے سے متعلق کمشنر برائے تعلیم کو نیویارک تعلیمی قانون کے §2853(3)(a-5) مطابق اپیل کی جا سکتی ہے-

IV. اسکولوں کو ہنگامی طور پر بند کرنے اور اسکول کے مصرف میں تبدیلیوں کے طریقہ ہائے کار

A. چانسلر کسی اسکول کو عارضی طور پر بند کر سکتا ہے یا اس میں ہنگامی بنیاد پر کوئی اہم تبدیلی کر سکتا / سکتی ہے، اگر وہ یہ طے کرے کہ طلباء کی صحت، حفاظت، یا عمومی بہبود کو محفوظ کرنے کے لئے ایسی کارروائی فوری طور پر ضروری ہے-

B. چانسلر اس ہنگامی کارروائی کے لئے وجوہ پیش کرتے ہوئے ایک تحریری بیان فراہم کرے گا اور ایسے بیان کو محکمۂ تعلیم کی سرکاری انٹر نیٹ ویب سائٹ پر شائع کرے گا-

C. ایک ہنگامی بندش یا مصرف میں تبدیلی صرف چھ ماہ تک مؤثر رہے گی، جس کے دوران چانسلر اس ضابطے مین دئے ہوئے مطلوبات کی تعمیل کرے گا- ایک ہنگامی بندش یا مصرف میں تبدیلی میں چھ ماہ سے زائد مدت کے لئے توسیع سے قبل، اس ضابطے کے تمام مطلوبات کو لازماً پورا کیا جائے-

V. مؤثر ہونے کی تاریخ

یہ ضابطہ PEP سے منظوری کے بعد اگلے دن سے مؤثر ہوگا

VI. استفسارات

اس ضابطے سے متعلق استفسارات مندرجہ ذیل پتے پر ارسال کئے جائیں:

شعبۂ منصوبہ بندی برائے پورٹ فولیو
Division of Portfolio Planning
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street – Room 405
New York, NY 10007
Portfolio@schools.nyc.gov

ٹیلیفون
212-374-5049

فیکس:
212-374-5581